# 22200 ـ الرحمن اور الرحیم میں فرق

**سوال**

الرحمن اورالرحیم میں فرق کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الرحمن اور الرحیم اللہ تعالی کے اسماء میں سے دو اسم ہیں جو کہ اللہ کی صفت رحمت پر دلالت کرتے ہیں ۔

الرحمن اللہ تعالی کی وسعت رحمت اور الرحیم اس رحمت کو مخلوق تک پہنچانے پر دلالت کرتا ہے ، تو الرحمن وسعت رحمت والا اور الرحیم پہنچانےوالا ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے کہ :

( الرحمن وسعت رحمت والا ہے ؛ اس لئے کہ عربی میں فعلان کا وزن وسعت اور امتلاء پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ قول ہے ، رجل غضبان ، کہ جب اس میں غصہ بھر جائے تو اسے غصہ سے بھرا ہوا آدمی کہتے ہیں ۔

الرحیم : ایسا اسم ہے جو کہ فعل پر دلالت کرتا ہے ، کیونکہ یہ فعیل بمعنی فاعل ہے ، جو کہ فعل پر دلالت کرتا ہے ، تو الرحمن اور الرحیم میں جمع ہوگئے ، اور الرحمن سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ وہ وسعت رحمت والا ہے اور الرحیم سے یہ اخذ کیا جاتا ہے کہ وہ اس رحمت کو مخلوق تک پہنچانے والا ہے ۔

اور بعض نے یہ کہا ہے کہ الرحمن میں رحمت عامہ اور الرحیم میں رحمت خاصہ جو کہ مومنوں کے ساتھ خاص ہے ، لیکن جو ہم نے ذکر کیا ہے وہ ہی اولی ہے) انتہی ۔

دیکھیں شرح عقیدہ الواشطیۃ ( 1/ 22 )

واللہ تعالی اعلم .